تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

July,09,2023

پریس ریلیز

ڈاکٹر راج کمار رنجن سنگھ، وزیر مملکت برائے تعلیم نے جامعہ میں تین دارالاقامہ کا افتتاح کیا، اور ایک بین الاقوامی دارالاقامہ کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروفیسر نجمہ اختر کی فعال قیادت میں نمایاں ترقی حاصل کی ہے: ڈاکٹر راج کمار رنجن سنگھ

عزت مآب وزیر مملکت برائے تعلیم ڈاکٹر راجکمار رنجن سنگھ نے آج جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ایک بین الاقوامی ہاسٹل کا سنگ بنیاد رکھا۔ وزیر موصوف نے تین دارالاقاموں ۔ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام ہال، سر اے۔ایم۔خواجہ ہاسٹل اور ڈاکٹر بی۔آر۔امبیڈکر ہاسٹل کا افتتاح بھی کیا۔ جامعہ کے میر انیس ہال میں منعقدہ پروگرام کی صدارت پروفیسر نجمہ اختر، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کی۔

پروفیسر نجمہ اختر کی قیادت کی تعریف کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ میں اس پروگرام میں شامل ہوکر خوشی محسوس کر رہا ہوں۔ پروفیسر نجمہ اختر کی سرگرم قیادت میں جامعہ نے نمایاں ترقی کی ہے جس کا ثبوت ناک، این آئی آر ایف اور دیگر اداروں کی رینکنگ ہے جس میں جامعہ لگاتار بہتر سے بہتر مظاہرہ کر رہی ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ ان کی قیادت میں یونیورسٹی میں متعدد نئی فیکلٹیز، شعبہ جات اور مراکز بھی قائم ہوئے ہیں جو قابل تحسین ہے۔

ڈاکٹر سنگھ نے مزید کہا کہ وقت کے ساتھ جامعہ آموزش کے ایک ایسے مرکز کے طور پر ابھری ہے جو تہذیبی اور مذہبی تنوع کو اجاگر کرتا ہے اور میرے خیال میں یہ ملک کی ہمہ گیریت کی روح ہے۔ یہ روایت کو

جدت کے ساتھ، انسانیت کو اچھے اخلاق و آداب کے ساتھ اور تعمیر قوم کو پیشہ ورائیت کے ساتھ آموزش کی روح کو جاگزیں کرنے میں معاونت کرتا ہے۔ ملک کی اعلی تعلیم میں جامعہ کی خدمات کا یہ اشاریہ ہے۔

ڈاکٹر رنجن نے مزید کہا کہ 'یہ بات سبھی جانتے ہیں کہ کسی بھی ملک کی ترقی میں معیاری تعلیم کی کافی اہمیت ہوتی ہے اور اس ضمن میں جامعہ نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ آج کے تکنیکی طور پر ترقی یافتہ زمانے میں جامعہ ہمارے طلبا کو وقت کی ضرورت کے مطابق جدید تعلیم کے حصول میں مدد بہم پہنچائی ہے۔ مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے مسرت و بہجت کا احساس ہو رہا ہے کہ جامعہ ملیہ اسلامیہ ان اعلی دانش گاہوں میں سے ایک ہے جو تکنیکی طور پر لیس اور تعلیمی لحاظ سے جدید ہیں۔'

قومی تعلیمی پالیسی (این ای پی) دو ہزار بیس کے بنیادی نکات کی عمل آوری کے سلسلے میں پروفیسر نجمہ اختر، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی کوششوں کو سراہتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ 'مجھے خوشی ہے کہ جامعہ ملیہ اسلامیہ اپنی تعلیمی پالیسی اور پروگراموں کو این ای پی دو ہزار بیس سے ہم آہنگ کر رہا ہے'۔

عزت مآب وزیر کے باقاعدہ استقبال کے بعد پروفیسر نجمہ اختر نے اپنی تقریر میں کہا کہ فعال وزیر اعظم شری نریندر مودی کی قیادت والی سرکار نئے اذہان کو ان کی طاقت اور صلاحیت میں مضبوط بھروسے کے ساتھ ان کو صیقل کر رہی ہے۔ وہ نئے اذہان معاشرے کی ضرورتوں اور امنگوں کر پورا کرتے ہوئے ملک کی ترقی، خوش حالی کی وراثت کو آگے لے جانے میں اہم رول ادا کریں گے ۔

'میں ان کی ترقی پسند قیادت کے زیر سایہ کام کرتے ہوئے خود کو خوش قسمت محسوس کرتی ہوں۔ یہ ان کا بھرپور تعاون اور ان کی انقلاب آفریں قیادت ہے جس کی وجہ سے ہم اپنی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال کر کے جامعہ کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ رکاوٹوں کو دور کرتے ہوئے اور نئے نئے امکانات کی تلاش کے ساتھ جامعہ کو ایک ایسی جگہ بنانے میں کامیاب ہوئے ہیں جہاں افضلیت، اختراعیت، تحقیقی پہل، معیاری تعلیم، شفافیت کا فروغ، تخلیقیت کی فضا کو فروغ دیا جا سکے۔

افتتاح کے بعد عزت مآب وزیر نے ڈینز، صدور شعبہ جات، عہدیداروں اور طلبا سے بھی بات چیت کی۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ اور ملک کے اور بھی بہتر مستقبل کے لیے انھوں نے کئی بیش قیمت مشورے دیے۔